پریس ریلیز

کمشنر و ڈی سی گوجرانوالہ کا چیمبر آف کامرس کا دورہ؛ تعطل کا شکار بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر (BFC) باضابطہ فعال

گوجرانوالہ: گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی نو منتخب کابینہ کی کاوشوں سے چیمبر میں گزشتہ کچھ عرصے سے تعطل کا شکار بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر (BFC) باقاعدہ عملے کی تعیناتی کے ساتھ مکمل طور پر فعال کر دیا گیا ہے۔ کمشنر گوجرانوالہ محمد علی اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے وفد کے ہمراہ چیمبر آف کامرس کا دورہ کیا اور صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل اور نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر کی موجودگی میں فیتہ کاٹ کر سینٹر کا باضابطہ افتتاح کیا۔

اس موقع پر چیئرمین بزنس گروپ و سابق صدر رانا ناصر محمود، سابق صدور سمیع اللہ نعیم، عاصم انیس، میاں عمر سلیم، سابق چیئرمین جی ڈی اے عامر رحمان، سابق سینئر نائب صدر شیخ محمد علی، آصف مظفر، آفاق ایوب اور ایگزیکٹو ممبر و سابق نائب صدر وقاص افضل مغل سمیت دیگر سینئر و ایگزیکٹو اراکین موجود تھے۔

بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر کے قیام کا بنیادی مقصد خطے میں سرمایہ کاری کو فروغ دینا اور کاروبار کرنے میں آسانی (Ease of Doing Business) پیدا کرنا ہے۔ اس سینٹر کے تحت تاجر برادری کو 38 صوبائی اور 4 وفاقی محکموں کی 164 تجارتی خدمات، ضروری پرمٹس اور این او سیز (NOCs) ایک ہی چھت تلے فراہم کی جائیں گی۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر گوجرانوالہ محمد علی نے کہا کہ صنعت کاروں اور سرمایہ کاروں کو آسانیاں فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے اور انتظامیہ ہر 15 دن بعد اس سینٹر کی کارکردگی کا جائزہ لے گی۔ صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج نے کمشنر و ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ کی شہر اور بزنس کمیونٹی کے لیے گراں قدر خدمات کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا۔

بعد ازاں ضلعی انتظامیہ نے وزیرِ اعلیٰ پنجاب کے منظور شدہ "لٹریری اینڈ کلچرل سینٹر" پروجیکٹ پر چیمبر قیادت کو باضابطہ بریفنگ دی اور چیمبر کو اس منصوبے میں بطور "جوائنٹ وینچر پارٹنر" شامل ہونے سمیت "میڈ ان گوجرانوالہ" شعبے کا انتظامی کنٹرول سنبھالنے کی باقاعدہ دعوت پیش کی۔

PRESS RELEASE

Commissioner & Deputy Commissioner Gujranwala Visit Chamber of Commerce; Previously Stalled Business Facilitation Centre (BFC) Formally Operationalized

GUJRANWALA: Owing to the determined efforts of the newly elected leadership of the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI), the Business Facilitation Centre (BFC)—which had been stalled for some time—has been fully operationalized with the formal deputation of dedicated staff. Commissioner Gujranwala Muhammad Ali and Deputy Commissioner Naveed Ahmed, along with their entourage, visited the Chamber and formally inaugurated the centre by cutting the ribbon in the presence of GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge, Senior Vice President Muhammad Arshad Mughal, and Vice President Rana Muhammad Farhan Asghar.

The ceremony was attended by Chairman Business Group & former President Rana Nasir Mahmood, former Presidents Sami Ullah Naeem, Asim Anees, Mian Umar Saleem, former Chairman GDA Amir Rehman, former SVP Sheikh Muhammad Ali, Asif Muzaffar, Afaq Ayub, and Executive Member & former VP Waqas Afzal Mughal, alongside other prominent executive and senior members.

The primary objective of the Business Facilitation Centre is to foster investment and improve the Ease of Doing Business across the division. Under this one-window facility, 164 commercial services, essential permits, and NOCs spanning 38 provincial and 4 federal departments will be provided to the commercial and industrial community under a single roof.

Addressing the session, Commissioner Gujranwala Muhammad Ali emphasized that facilitating industrialists and investors remains the government's top priority, announcing that the administration will review the performance of the BFC fortnightly. President GCCI Sheikh Ghulam Hussain Judge paid tribute to the Commissioner and Deputy Commissioner for their dedicated administrative support towards civic and economic development.

Subsequently, the district administration delivered a comprehensive briefing to the Chamber leadership regarding the "Literary and Cultural Centre" project approved by the Chief Minister of Punjab. The administration formally invited the Gujranwala Chamber to join the initiative as a "Joint Venture Partner" and take managerial oversight of the dedicated "Made in Gujranwala" pavilion.